
# BQE کی عبوری مرمت کاریاں

## اسپینز 4 اور 34 - ہفتہ وار بندش

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات




### BQE پر کون سا کام ہو رہا ہے؟

**New York City Department of Transportation (NYC DOT) اسپین 4 (Grace Court) اور اسپین 34 (Clark Street) پر 2023 سے آغاز کرتے ہوئے اہم مرمت کاریاں انجام دے رہا ہے، جس کے نتیجے میں Atlantic Avenue سے Sand Street کے مقام تک Brooklyn-Queens Expressway (BQE) جزوی طور پر بند رہے گی۔** اس کام کا مقصد ٹرپل کینٹیلیور اسٹرکچر کی حفاظت اور پائیداری کو یقینی بنانا ہے کیونکہ شہری انتظامیہ نے اس اسٹرکچر کے لیے طویل مدت پر مشتمل مرمتی منصوبہ تیار کیا ہے۔ ان مرمت کاریوں میں درج ذیل امور شامل ہیں:

- خراب اسفالٹ، کنکریٹ اور سریے کو ہٹانا
- نیا سریا اور کنکریٹ انسٹال کرنا
- Clark Street میں موجود MTA Fan Plant پر اور Joralemon Street Garage کے اندر کنکریٹ کی مرمت کاریاں انجام دینا

### کیا توقع رکھی جائے؟

- دو غیر متواتر ہفتوں کے آخری ایام تک کے لیے Atlantic Avenue سے Sands Street کے مقام تک **Queens کی جانب جانے والی (QB) سمت (I-278 East) میں BQE کی مکمل بندش۔**
- Staten Island کی سمت کی لینز کھلی رہیں گی۔
- ہفتے کے آخری ایام میں ہونے والی بندشوں سے قبل ہفتے کے دوران ہونے والے تیاری کے کام میں پرانے سریے اور کنکریٹ کو ہٹانا اور سڑک کی عارضی پلیٹس کی انسٹالیشن شامل ہے۔

### مکمل بندش کا مقصد کیا ہے؟

- 50 گھنٹوں پر مشتمل اس بندش کے نتیجے میں NYC DOT سڑک کی عارضی پلیٹس ہٹانے، نئی کنکریٹ ڈالنے اور کنکریٹ کی حفاظت کرنے جیسے امور سرانجام دے سکے گی۔

### ہفتے کی آخری ایام کی بندشیں کب ہو رہی ہیں؟

- **13 اپریل بروز ہفتہ رات 2:00 بجے آغاز ہو رہا ہے، اور 15 اپریل بروز پیر صبح 4:00 بجے یا اس سے پہلے اختتام ہو رہا ہے۔**
- **BQE کی حتمی بندش کا آغاز 1 جون اور اختتام 3 جون 2024 کو متوقع ہے۔**

### متبادل راستے کون سے ہیں؟

**<u>Queens کی سمت کے متبادل راستے:</u>**

- **Atlantic Ave کا متبادل راستہ – *Atlantic Ave/Boerum Pl سے Tillary St***
- **6th Ave اور 3rd Ave کے داخلی ریمپ کا متبادل راستہ - *3rd Ave/Flatbush Ave سے Tillary St***
- **Prospect Expressway کے داخلی ریمپ کا متبادل راستہ – *Hamilton Ave/Hicks St سے Atlantic Ave/ Boerum Place/Adams St سے Tillary St***

**<u>ٹرک کا متبادل راستہ:</u>**

- **Linden Blvd کا متبادل راستہ – *Gowanus Expy to Prospect Expy/McDonald Ave سے Caton Ave سے Linden Blvd***

## براہِ کرم BQE کا استعمال کرتے ہوئے سفر سے گریز کریں

### ٹرانزٹ یا متبادل راستوں کا استعمال کریں

**مزید معلومات اور متبادل راستوں کے نقشوں کے لیے ویب سائٹ پر جائیں یا QR کوڈ اسکین کریں:**

**www.nyc.gov/bqealert**

# BQE کی عبوری مرمت کاریاں

## اسپینز 4 اور 34 - ہفتہ وار بندش

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات




### میں بندش والے ہفتے کے آخری ایام میں کیسے سفر کر سکتا/سکتی ہوں؟

- NYC DOT مسافروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ بندش والے ہفتے کے آخری ایام کے دوران BQE کا استعمال کر کے سفر سے گریز کریں۔
- NYC DOT ڈرائیورز کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ تجویز کردہ متبادل راستوں، تغیر پزیر پیغام پر مشتمل علامتوں (VMS)، ٹریفک کا نفاذ کرنے والے ایجنٹس اور پیدل چلنے والے افراد سے متعلقہ منتظمین کی تعمیل کریں۔
- اندرونی Gowanus HOV لین Hugh L. Carey ٹنل کے ذریعے کھلی رہے گی تاکہ BQE کے اس سیکشن کو متبادل راستہ فراہم کیا جا سکے۔
- **براہِ کرم نوٹ کریں کہ Hugh L. Carey ٹنل ٹول ہفتے کے آخری ایام کی بندشوں کے دوران معاف نہیں کیا جا سکتا۔**

### ہفتے کے آخری ایام میں ہونے والی بندش میں BQE کے کون سے داخلی راستے بند کیے جائیں گے یا دوبارہ ترتیب دیے جائیں گے؟

- QB BQE کے داخلی ریمپس Atlantic Ave، 6th Ave، 3rd Ave، Prospect Expressway، اور Hamilton Ave کے مقامات پر بند رہیں گے، متبادل راستے فراہم کیے جائیں گے۔
- Manhattan کی سمت والا Brooklyn Bridge صرف Sands St، Tillary St، اور Adams St سے قابل رسائی ہو گا؛ Manhattan کی سمت والا Manhattan Bridge صرف Nassau St، Flatbush Ave، اور Tillary St سے قابل رسائی ہو گا

### اس سے بس کے راستے کیسے متاثر ہوں گے؟

- بس اسٹاپس اس بندش سے متاثر نہیں ہوں گے۔

### ہفتے کے آخری ایام میں ہونے والی حتمی بندش کب ہے؟

- اپریل میں ہونے والی ہفتہ وار بندش کے مکمل ہونے کے بعد، حتمی بندش کا آغاز 1 جون اور اختتام 3 جون، 2024 کو متوقع ہے۔ مزید معلومات اپریل کے دوران ہفتے کے آخری ایام میں ہونے والی بندش کے بعد فراہم کی جائیں گی۔


### میں اضافی سوالات کے لیے کس سے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟


- اس پروجیکٹ سے متعلق باقاعدہ ای میل اپڈیٹس موصول کرنے کے لیے، یا اگر آپ کے کوئی بھی سوالات ہیں، تو براہِ کرم ہماری **کمیونٹی رابطہ کار Anita Navalurkar سے 0876-647 (347) یا anavalurkar.consultant@dot.nyc.gov پر رابطہ کریں۔** اس نمبر پر کی جانے والی کال کا فوری جواب دیا جائے گا۔
- **NYC کی تمام غیر ہنگامی سروسز، بشمول NYC DOT کے تعمیراتی پروجیکٹس سے متعلقہ استفسارات کے لیے، 311 ڈائل کریں۔**
- **ہنگامی حالات کے لیے، براہِ کرم 911 پر رابطہ کریں۔**

# BQE کی عبوری مرمت کاریاں

## اسپینز 4 اور 34 - ہفتہ وار بندش

## متبادل راستے کے نقشے








BQE 278 NEW YORK CITY DOT

# BQE کی عبوری مرمت کاریاں

## اسپینز 4 اور 34 - ہفتہ وار بندش

### متبادل راستے کے نقشے



# BQE کی عبوری مرمت کاریاں

## اسپینز 4 اور 34 - ہفتہ وار بندش

## Downtown Manhattan کے متبادل راستے

### BQE پر کام کب کیا جا رہا ہے؟

- **13 اپریل بروز ہفتہ رات 2:00 بجے آغاز ہو رہا ہے، اور 15 اپریل بروز پیر صبح 4:00 بجے یا اس سے پہلے اختتام ہو رہا ہے۔**
- New York City Department of Transportation (NYC DOT) اسپین 4 (Grace Ct) اور اسپین 34 (Clark St) پر اہم مرمت کاریاں انجام دے گا، جس کے نتیجے میں Atlantic Avenue سے Sands Street تک Brooklyn-Queens Expressway (BQE) جزوی طور پر بند رہے گی۔

### Canal St کے متبادل راستے:

**Canal St سے Forsyth St اور Allen St کے درمیان**


- مغربی سمت کی لین بند ہے
- مغربی سمت کی بائیک لین بند ہے
- Eldridge Street پر مشرقی سمت 1 کی تھرو/بائیں لین اور 1 تھرو لین
- Allen Street پر مشرقی سمت 1 کی تھرو/دائیں لین اور 1 تھرو لین

**Canal St سے Chrystie St اور Forsyth St کے درمیان**

- مغربی سمت کی لین بند ہے
- مغربی سمت کی بائیک لین بند ہے
- مشرقی سمت سے 1 تھرو لین اور 1 تھرو/دائیں لین

**Canal Street/ Allen Street سے Forsyth Street تک**

ہفتہ وار بندش کے دوران لین کی تشکیل کاری




اگر آپ کے کوئی بھی سوالات ہیں، تو براہِ کرم ہماری **کمیونٹی رابطہ کار Anita Navalurkar** سے **(347) 647-0876** یا **anavalurkar.consultant@dot.nyc.gov** پر رابطہ کریں۔

## براہِ کرم BQE کا استعمال کرتے ہوئے سفر سے گریز کریں

### ٹرانزٹ یا متبادل راستوں کا استعمال کریں

**مزید معلومات اور متبادل راستوں کے نقشوں کے لیے ویب سائٹ پر جائیں یا QR کوڈ اسکین کریں:**

**www.nyc.gov/bqealert**

# BQE کی عبوری مرمت کاریاں

## اسپینز 4 اور 34 - ہفتہ وار بندش

## Atlantic Ave پر پارکنگ کی پابندیاں




## BQE پر کام کب کیا جا رہا ہے؟

- **13** اپریل بروز ہفتہ رات **2:00** بجے آغاز ہو رہا ہے، اور **15** اپریل بروز پیر صبح **4:00** بجے یا اس سے پہلے اختتام ہو رہا ہے
- New York City Department of Transportation (NYC DOT) اسپین 4 (Grace Ct) اور اسپین 34 (Clark St) پر اہم مرمت انجام دے گا، جس کے نتیجے میں Atlantic Avenue سے Sands Street تک Brooklyn-Queens Expressway (BQE) جزوی طور پر بند رہے گی

## اسٹریٹ پارکنگ کس مقام سے ہٹائی جائے گی؟

- **Atlantic Avenue** کی جنوبی جانب (**Clinton Street** سے **Boerum Place** تک)
- **Clinton Street** کی مشرقی جانب سے (**Atlantic Avenue** سے **State Street** تک)

## Atlantic Avenue / Clinton Street سے Boerum Place تک

### ہفتہ وار بندش کے دوران لین کی تشکیل کاری




اگر آپ کے کوئی بھی سوالات ہیں، تو براہِ کرم ہماری کمیونٹی رابطہ کار Anita Navalurkar سے **(347) 647-0876** یا **anavalurkar.consultant@dot.nyc.gov** پر رابطہ کریں۔

## براہِ کرم اپنی گاڑی کو 13 اپریل بروز ہفتہ رات 2:00 بجے سے قبل منتقل کر لیں۔

**پارکنگ 15 اپریل بروز پیر صبح 4:00 بجے بحال کی جائے گی۔**

**مزید معلومات اور متبادل راستوں کے نقشوں کے لیے ویب سائٹ پر جائیں یا QR کوڈ اسکین کریں:**

**www.nyc.gov/bqealert**